بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تو اے ماہِ رمضان خوش آمدید — اے اللہ کے مہمان خوش آمدید
سعادت سے روشن ہے تیری جبیں — تو ہے شانِ رحمٰن خوش آمدید
''جو یہ ماہ پائے وہ روزے رکھے'' — خدا کا ہے فرمان خوش آمدید
ہمیں سب محمدؐ کے صدقے ملا — جو ہیں جانِ ایمان خوش آمدید
زکوٰۃ اور روزے، نمازیں ملیں — ملے حج و قرآن خوش آمدید
محبت ہے تو آلؑ و اصحابؓ کی — اے پاکیزہ ارمان خوش آمدید
مبارک مہینوں کی فہرست میں — نرالی ترِی شان خوش آمدید
شبِ قدر بھی تیرے دامن میں ہے — مہِ فضل و احسان خوش آمدید
فرشتے جب آئیں صفیں باندھ کر — لیے نوری اعلان خوش آمدید
ترِا خیر مقدم کریں سب ولیؒ — کہیں شاہِؒ جیلان خوش آمدید
صبا مغفرت کی مہکنے لگی — کھلا بابِ غفران خوش آمدید
ترِا چاند لایا ہے ایسی بہار — کھلے ہیں دل وجان خوش آمدید
کرم ہی کرم ہے ترِی ہر گھڑی — عطا ہے ہر اک آن خوش آمدید
ترِے روز وشب، یہ ترِی ساعتیں — ہیں بخشش کا سامان خوش آمدید
سحر اور افطار کی رونقیں — تراویح کی شان خوش آمدید
ہر اک سُو گھریں خیر کی بدلیاں — اے رحمت کے باران خوش آمدید
تجھے پا کے چہرے دمکنے لگے — تو مومن کی پہچان خوش آمدید
ہے وابستہ تجھ سے خوشی عید کی — ہیں شاداں مسلمان خوش آمدید

سیّد حامدؔ یزدانی
ٹورانٹو، شعبان المعظم ۱۴۳۸ھ